آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر: نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053

موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 15 | بروز جمعرات 6 جنوری 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 267

ترجمان پاک فوج

نواز شریف سے ڈیل کی باتیں بے بنیاد ہیں

اگر کوئی ڈیل کی بات کر رہا ہے تو اس سے پوچھیں تفصیلات بھی بتائے ان کے پاس کیا ثبوت ہیں اور حقیقت میں ایسا کچھ بھی نہیں ہے شام کو ٹی وی پروگرام میں کہا جاتا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ نے یہ کر دیا وہ کر دیا گزارش ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کو اس مسئلہ سے باہر رکھیں

آرمی چیف کی مدت ملازمت سے متعلق قیاس آرائی بھی نہ کی جائے' افغان بارڈر پر باڑ لگانے کا کام 94 فیصد مکمل ہو گیا پاک ایران بارڈر پر بھی باڑ لگانے کا کام 71 فیصد مکمل کر لیا گیا ہے' اداروں کے خلاف بیرون ممالک سے منظم مہم چلائی جا رہی ہے

جھوٹی خبروں کو انفرادی سطح پر بھی روکنے کی ضرورت ہے اور قانون سازی بھی کرنا ہوگی' تحریک طالبان سے سیز فائر 9 دسمبر کو ختم ہو گیا تھا ٹی ٹی پی کیخلاف آپریشن جاری ہے پاکستان میں داعش کی موجودگی نہیں ہے' ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے کہا ہے کہ نواز شریف سے ڈیل کی باتیں بے بنیاد ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل بابر افتخار نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج 2021 کی صورتحال کا جائزہ پیش کرنا ہے، مغربی بارڈر پر 2021 میں صورتحال تشویشناک رہی، افغانستان

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کشمیر دنیا کی سب سے بڑی جیل بن چکا مگر عالمی ضمیر خاموش ہے، مونس الٰہی

لاہور (یواین پی) وفاقی وزیر آبی وسائل

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب نے بہاولپور کا دورہ کیا

دفتر میں لوگوں کے مسائل سنے اور سائلین کی دادرسی کے لیے فوری احکامات صادر کئے

بہاولپور (پ ر) ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن ریٹائرڈ ظفر اقبال اعوان نے بہاولپور کا دورہ کیا دفتر میں لوگوں کے مسائل سنے اور سائلین کی دادرسی کے لیے فوری احکامات صادر کئے انہوں نے کہا کہ پولیس کا کام لوگوں کو جلد انصاف دینا ہیلوگ انصاف کی امید لے کر

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک نادر مصطفیٰ کو بطور اسسٹنٹ ٹو کمشنر بہاول پور ڈویژن کے عہدہ پر ترقی دے دی گئی

بہاول پور (پ ر) ملک نادر مصطفیٰ کو بطور

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

توقع ہے الیکشن کمیشن پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کی بھی PTI جیسی سکروٹنی کریگا' وزیر اعظم

سمندر پار پاکستانیوں کی جانب سے پی ٹی آئی کو کی گئی فنڈنگ کی جانچ پڑتال کا خیر مقدم کرتا ہوں

میں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی فنڈنگ پر الیکشن کمیشن کی اس طرح کی جانچ پڑتال کا منتظر ہوں' عمران خان کا ٹویٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی طرح ن لیگ اور پی پی کی فنڈنگ پر بھی الیکشن کمیشن کی تحقیقات کا منتظر ہوں۔ وزیر اعظم عمران خان نے ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ میں الیکشن کمیشن کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گورنر پنجاب 28 فروری کو اسلامیہ یونیورسٹی کے کانووکیشن کی صدارت کیلئے بہاولپور آئینگے

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کی گورنر چوہدری سرور سے گورنر اتھارٹی لاہور میں ملاقات

گورنر پنجاب چوہدری سرور کی جانب سے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی تمام شعبوں میں بہترین کارکردگی کی تعریف

بہاولپور (پ ر) گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی تمام شعبوں میں بہترین کارکردگی کو سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور طلباء وطالبات کے لیے اعلیٰ تعلیم کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے اور رینکنگ میں بہترین کارکردگی میں اپنی مثال آپ ہے۔ گورنر پنجاب وچانسلر نے ان خیالات کا اظہار آج وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب سے گورنر ہاؤس میں ایک ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے گورنر پنجاب کو یونیورسٹی میں جاری تدریسی وتحقیقی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ اور گردونواح میں بارش سے سردی میں مزید اضافہ

بارشوں سے گندم کی فصل پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور شرقیہ اور گردونواح میں بارش سے سردی میں مزید اضافہ ہو گیا۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ شب احمد پور شرقیہ اور گردونواح اور او چشریف، چنی گوٹھ، اور ڈیرہ نواب صاحب میں اچھی بارش ہوئی جس سے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کسانوں کیلئے نئے سال کا تحفہ ڈی اے پی کھاد مزید آٹھ سو روپے فی بوری مہنگی

کسانوں کے لیے ڈی اے پی کھاد کی خریداری ناممکن ہو گئی صدر تحصیل کسان بورڈ احمد پور شرقیہ

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) کسانوں کے لئے نئے سال کا تحفہ، ڈی اے پی کھاد مزید آٹھ سو روپے فی بوری مہنگی، نرخ نوتانو سو فی بوری سے تجاوز کر گئے۔ تفصیل کے مطابق نئے سال کے آغاز کے ساتھ ہی کھاد کمپنیوں نے ڈی اے پی کھاد کے نرخوں میں آٹھ سو روپے بوری اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اور نرخ نو ہزار سات سو

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان بہاولپور ڈاکٹر خالد اقبال نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

مقررین نے جدید دور میں ریڈیو پاکستان کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کیا

بہاول پور (پ ر) اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان بہاول پور ڈاکٹر خالد اقبال نے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔ اس حوالہ سے مقامی ہوٹل میں ان کے اعزاز میں ظہرانے جبکہ سابق اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان بہاول پور محمد تسلیم لنگاہ کے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

2021 سرکل پولیس کے سات تھانوں کا ایکشن

بھاری تعداد میں اسلحہ اور منشیات برآمد

ڈی ایس پی آصف رشید

سرکل پولیس نے گزشتہ برس اسلحہ آرڈیننس کے تحت 256 مقدمات درج کر کے 11 رائفلیں 11 کلاشنکوفیں، 23 بارہ بور بندوقیں، 6 ریوالور، 6 ریپیٹر، ایک عدد خنجر، 90 کارتوس اور 1550 گولیاں برآمد کیں اور ملزمان کے مقدمات کے چالان عدالتوں میں پیش کر دیئے

2021 میں امتناع منشیات ایکٹ کے تحت 423 مقدمات کا اندراج ہوا، سرکل پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے 180 کلوگرام چرس، 1050 گرام ہیروئن، 488 گرام افیون، 12 کلو 530 گرام بھنگ، 4025 کلوگرام لاہن اور 14462 لیٹر شراب برآمد کی، جب کہ 72 شراب کی چالو بھٹیاں بھی پکڑیں

سرکل پولیس کے سات تھانوں، سٹی احمد پور شرقیہ، صدر احمد پور شرقیہ، او چشریف، چنی گوٹھ، دھوڑ کوٹ، نوشہرہ جدید اور ڈیرہ نواب صاحب نے 2021 میں کل 4104 مقدمات درج کیے اور ان مقدمات میں مطلوب 4391 ملزمان کو گرفتار کیا۔ سرکل پولیس چیف کی روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ سے گفتگو

احمد پور شرقیہ (کرائم رپورٹر) سرکل پولیس نے گزشتہ برس 2021 میں اسلحہ آرڈیننس کے تحت 256 اور امتناع منشیات ایکٹ کے قانون کے تحت 423 مقدمات درج کر کے جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی اور قبضہ سے بھاری مقدار میں منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کیا ہے۔ اس امر کا انکشاف ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس آصف رشید نے روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سرکل پولیس کے سات تھانوں سٹی احمد پور شرقیہ، صدر احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب صاحب، چنی گوٹھ، او چشریف، دھوڑ کوٹ اور نوشہرہ جدید نے گزشتہ برس گرفتار ملزمان کے قبضے سے 11 رائفلیں، 23 بارہ بور بندوقیں، 6 ریپیٹر، 6 ریوالور، 1 خنجر، 90 عدد کارتوس اور 1550 گولیاں برآمد کیں ہیں اور ان کے خلاف مقدمات کی تفتیش مکمل کر کے چالان عدالتوں میں پیش کر دیئے ہیں۔ منشیات فروشوں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سرکل پولیس چیف نے کہا کہ گزشتہ برس 423 مقدمات کا اندراج عمل میں آیا اور سرکل پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 180 کلوگرام چرس، 1050 گرام ہیروئن، 488 گرام افیون، 12 کلو 530 گرام بھنگ، 4025 کلوگرام لاہن اور 14462 لٹر کشید شدہ شراب برآمد کی اور سب ڈویژن احمد پور شرقیہ کے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر شراب کی 72 چالو بھٹیاں پکڑیں اور ملزمان کے خلاف مقدمات کی تفتیش میرٹ پر مکمل کی۔ ڈی ایس پی آصف رشید نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ برس سرکل پولیس کے سات تھانوں سے 4104 مقدمات کا اندراج کیا گیا اور ان مقدمات میں مطلوب 4391 ملزمان کی گرفتاری عمل میں آئی۔ انہوں نے کہا کہ سب ڈویژن میں امن وامان کی صورتحال تسلی بخش ہے۔ سرکل پولیس، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاول پور کی ہدایات اور ریجنل پولیس آفیسر بہاول پور کے احکامات کے تحت جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی اور سماج دشمن عناصر کی بیخ کنی کے لئے خصوصی مہم جاری رکھے ہوئے ہے، جس کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔

ڈوژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اجلاس' صدارت کمشنر بہاولپور نے کی

طے شدہ اہداف کے مطابق ترقیاتی کاموں کی مانیٹرنگ کے عمل کو موثر بنایا جائے' کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاول پور ڈویژن کیپٹن محمد ظفر اقبال کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر بہاول پور ڈویژن کیپٹن محمد ظفر اقبال نے جاری ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسکروٹنی کمیٹی رپورٹ عمران خان پر سنگین فرد جرم ہے شہباز شریف

صادق اور امین کا رچایا گیا ڈھونگ اب بے نقاب ہو چکا ہے' صدر مسلم لیگ ن

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن اسکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ عمران خان پر

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صوبائی وزیر بیت المال سید یاور عباس بخاری 11 جنوری کو بہاولپور آئیں گے سید امجد حسین بخاری

صوبائی وزیر تین روز بہاولپور میں قیام کریں گے سید امجد بخاری اور سید اعجاز حسین بخاری لاہور سے صوبائی وزیر سے ملاقات کی

بہاولپور (پ ر) صوبائی وزیر بیت المال سوشل ویلفیئر سید یاور عباس بخاری میری دعوت پر 11 جنوری کو بہاولپور آئیں گے اور یہاں تین روز

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور ضلعی امن کمیٹی بہاولپور کے رکن سید امجد حسین بخاری اور ضلعی بیت المال کے رکن سید اعجاز حسین بخاری کی صوبائی وزیر بیت المال سماجی بہبود سید یاور عباس بخاری سے ملاقات کے موقع پر لی گئی تصویر

وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کی جانب سے نوجوانوں کیلئے بڑی خوشخبری

پی ایم ایس امتحان اور ملازمتوں کے امیدواروں کیلئے عمر میں خصوصی رعایت کا اعلان

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے مسائل کے حل کیلئے 4 اسامیت دو الگ الگ کمیٹیاں قائم کر دی گئیں

فیصل آباد (یو این پی) پنجاب سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے مسائل کے حل کیلئے واسا سمیت دو الگ الگ کمیٹیاں قائم کر دی گئی ہیں جو مقررہ ٹائم فریم کے مطابق اپنے اپنے متعلقہ مسائل کو حل کرنے کیلئے ضروری اقدامات اٹھائیں گی۔ یہ بات فیصل آباد چیمبر آف کامرس

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بھٹو خاندان کی محبت آج بھی غریب عوام کے دلوں پر نقش ہے' مخدوم نسیم عباس بخاری

پیپلز پارٹی کے کارکن جام مظہر حیات کی رہائش گاہ پر ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ کی تقریب سے سابق صوبائی ٹکٹ ہولڈر کا خطاب

مبارک پور (خبر نگار) پیپلز پارٹی کے جیالے کارکن جام مظہر حیات کی رہائش گاہ موضع منگلوئی میں قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید کی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کی امریکا کو برآمدات میں 43 فیصد سے زائد کا اضافہ

پاکستان نے دسمبر کے مہینے میں چین کو بھی 32 کروڑ 50 لاکھ ڈالر سے زائد کی اشیا برآمد کی ہیں

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان کی جانب سے امریکا کو برآمدات کے حجم میں 43 فیصد سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ وزارت تجارت کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق رواں مالی سال کے چھٹے مہینے (دسمبر 2021) کے دوران پاکستان نے امریکا کو 6 کروڑ 70 لاکھ ڈالر سے زائد مالیت کی اشیا برآمد کیں۔ دسمبر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر کا علی الصبح سبزی وفروٹ منڈی بہاولپور کا اچانک دورہ

جہاں انہوں نے پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی کے امور کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر محمد طیب نے علی الصبح سبزی وفروٹ منڈی بہاول پور کا اچانک دورہ کیا جہاں انہوں نے پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی کے امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر مارکیٹ کمیٹی کا عملہ موجود تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

21 ملزمان گرفتار، منشیات اور داؤ پر لگی رقم برآمد، مقدمات درج

بہاول پور (پ ر) پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، 21 ملزمان گرفتار، منشیات اور داؤ پر لگی رقم برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔ تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کا صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کو ٹیلی فون، خیریت دریافت کی، جلد صحت یابی کے لئے دعا

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امپورٹڈ گاڑیوں پر ٹیکس گاڑیاں بنانے کے لائسنس کی بنیاد پر ہوگا، چیئرمین ایف بی آر

امپورٹرز زیر دن ملک سے منگوائی گئی گاڑیوں پر رجسٹریشن کے بغیر ہی اون منی لیتے ہیں

اسلام آباد (یو این پی) چیئرمین ایف بی آر محمد اشفاق احمد نے کہا ہے کہ گاڑیاں بنانے کے لائسنس کی بنیاد پر امپورٹڈ گاڑیوں پر ٹیکس وصولی کو یقینی بنایا جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں سینیٹ طلحہ محمود کی سربراہی میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین ایف بی آر محمد اشفاق احمد نے گاڑیوں کی فروخت

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

راولپنڈی پولیس نے چینی شہری کی بھٹکی ہوئی اہلیہ کو ڈھونڈ لیا

راولپنڈی (یو این پی) راولپنڈی پولیس نے چینی شہری کی راستہ بھولی اہلیہ کو ان سے ملوا دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ چینی باشندے نے اہلیہ کی گمشدگی کے حوالے سے ایمرجنسی ون فائیو پر کال

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پریس کلب اوچ شریف کے انتخابات' ارشاد احمد شاد مسلسل دوسری مرتبہ صدر منتخب

شاہین رسول او چشریف پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر ذوالفقار علی چیئرمین اور نعیم احمد ناز کا بطور جنرل سیکرٹری انتخاب عمل میں آیا

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ پریس کلب کے عہدیداران کا انتخاب، سینئر صحافی ارشاد احمد شاد مسلسل دوسری مرتبہ صدر منتخب، تفصیلات کے مطابق سال 2022 کے لیے اوچ پریس کلب کی نئی کابینہ اور اراکین مجلس عاملہ کا اعلان کر دیا گیا ہے ہ انتخابی عمل میں ارشاد احمد شاد نے مسلسل دوسری مرتبہ منتخب ہو کر صدارت کا عہدہ برقرار رکھا، سینئر

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پریس کلب اوچ شریف کے سالانہ انتخابات' عامر صدیقی صدر خواجہ غلام شبیر جنرل سیکرٹری چن لئے گئے

عمران دانش بڈانی جنرل سیکرٹری وائس چیئرمین ملک مزمل وارن اور مظہر خان پتافی کو چیئرمین مجلس عاملہ منتخب کر لیا گیا



اوچ شریف: پریس کلب او چشریف کے سال 2022 کے انتخاب کے موقع پر نو منتخب عہدیداران کا ممبران ولیگل ایڈوائزرز کی ٹیم کے ہمراہ گروپ فوٹو

اوچ شریف (نامہ نگار) پریس کلب او چشریف کے سال 2022 کے عہدیداران کا انتخاب مکمل، متفقہ اکثریتی رائے سے میاں عامر صدیقی صدر، خواجہ غلام شبیر چیئرمین، جبکہ عمران دانش بڈانی جنرل سیکرٹری منتخب، نو منتخب عہدیداروں کو پھولوں کے ہار اور مالا پہنائی گئی۔ تفصیل کے مطابق او چشریف میں پریس کلب او چشریف کے سال 2022 کے لیے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بتایا جائے کن تنظیموں نے پی ٹی آئی کو فنڈنگ کر کے کیا مقاصد حاصل کئے فضل الرحمٰن

بیرون ملک سے کئی مشتبہ اداروں اور افراد کی جانب سے پی ٹی آئی کو فنڈنگ کی جا رہی ہے' سربراہ پی ڈی ایم



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ قوم کو بتایا جائے مغرب ومشرق کے کن افراد اور کن تنظیموں نے پی ٹی آئی کو مالی مدد دیکر کون کون سے مقاصد حاصل کئے۔ مولانا فضل الرحمان نے بیان میں کہا کہ فارن فنڈنگ کیس کی اسکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ ہم سب کے لئے چشم کشا ہے، عمران خان

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسکروٹنی رپورٹ سے عمران خان کا کرپشن سے آلودہ چہرہ سامنے آ گیا' بلاول بھٹو

عمران خان نے سچ بولنے کا حلف اُٹھا کر پی ٹی آئی کے بینک اکاؤنٹس الیکشن کمیشن سے چھپائے' چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس کے حوالے سے اسکروٹنی رپورٹ کے اجرا پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کی اسکروٹنی رپورٹ کے بعد عمران خان کا

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

رکن اسمبلی عامر لیاقت کو اسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا

پی ٹی آئی رہنما نے اپنی مرض سے متعلق کچھ نہ بتایا، اسپتال سے گھر روانہ ہو گئے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن اسمبلی عامر لیاقت کو اسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ گذشتہ ہفتے سماجی رابطے کی ویب سائیٹ ٹویٹر پر عامر لیاقت کے اکاؤنٹ سے ایک ٹویٹ کیا گیا تھا جس کے مطابق عامر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گھر میں گیس لیکج کے باعث آتشزدگی سے 7 افراد جاں بحق، 4 زخمی

جاں بحق ہونے والوں میں 5 خواتین اور 2 بچے بھی شامل ہیں۔ ریسکیو ذرائع

اسلام آباد (یو این پی) ٹوبہ ٹیک سنگھ میں گھر میں آگ لگنے سے 7 افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ٹوبہ ٹیک سنگھ میں گھر میں گیس لیکج کے باعث آتشزدگی سے 7 افراد جاں بحق اور 4 زخمی ہو گئے۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ کی تحصیل پیر محل کے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستانی ایئر لائنز پر سے یورپ، برطانیہ، امریکہ کیلئے عائد پابندیاں ختم

پاکستان میں شعبہ ہوابازی کے لئے اچھی خبر آ گئی

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان میں شعبہ ہوابازی کے لئے اچھی خبر آ گئی۔ تفصیلات کے مطابق ہوابازی کی بین الاقوامی تنظیم "اکاو" نے پاکستان سول ایوی ایشن پر عائد کی جانے والی تمام پابندیاں ختم کر دیں۔ پاکستان کی قومی ایئر لائن پی آئی اے سمیت تمام ملکی ایئر لائنز پر یورپ، برطانیہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

میگا ٹریڈ ایگریمنٹ ایشیائی خطے میں آزاد تجارت اور ترقی کے حوالے سے قابل قدر عالمی کوشش ہے، خادم حسین

لاہور (یو این پی) تاجر رہنما و پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک عمرے کے فوری بعد دوسرے عمرے کی سہولت ختم

ریاض (یو این پی) سعودی عرب نے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بچہ جمہورا

سنا استاجی: الیکشن کمیشن کی سکروٹنی کے مطابق حکمران جماعت پی ٹی آئی نے اپنے 53 اکاؤنٹس چھپائے اور 31 کروڑ روپے ظاہر نہیں کئے

ہاں بچے جمہورے: واقعی عمران خان کی جماعت پر چارج شیٹ ہے اور بڑے سنگین الزامات ہیں الیکشن کمیشن کو (ن) لیگ' پیپلز پارٹی سمیت تمام جماعتوں کے اکاؤنٹس کی جانچ پڑتال کرنا چاہیے تاکہ دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے

سمجھ گئے ناں

اداریہ

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ.....احمد پور شرقیہ

پی ٹی آئی اکاؤنٹس کی سکروٹنی میں بے قاعدگیوں کا انکشاف

تمام سیاسی جماعتوں کے اکاؤنٹس کی بھی چھان بین کی جائے

بروز جمعرات 6 جنوری 2021

پاکستان تحریک انصاف کے اکاؤنٹس کی الیکشن کمیشن آف پاکستان کی سکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ میڈیا کی زینت بن چکی ہے جس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ حکمران جماعت پی ٹی آئی نے اپنے 53 اکاؤنٹس اور 31 کروڑ روپے چھپائے، الیکشن کمیشن کی حکمران جماعت کے خلاف یہ ایک بڑی چارج شیٹ ہے فارن فنڈنگ کے حوالے سے عرصہ دراز سے پی ٹی آئی کی مخالف سیاسی جماعتیں اس کی قیادت پر الزامات لگاتی رہی ہیں جبکہ پی ٹی آئی کے منحرف رہنماء ایس اکبر بابر نے اس سلسلے میں الیکشن کمیشن میں درخواست بھی دی رکھی تھی جس پر الیکشن کمیشن کی سکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ جاری کی گئی ہے۔

وزیر اعظم عمران خان جن کی دیانت داری اور ایمانداری پر ہمیں تو کوئی شائبہ نہیں لیکن اب الیکشن کمیشن کی سکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ نے ان کی جماعت پر سوالات اُٹھا دیئے ہیں جسکا جواب دینا اور قوم کو مطمئن کرنا اشد ضروری ہے۔

ہم ان کالموں کے ذریعے چیف الیکشن کمشنر سے گزارش کریں گے کہ الیکشن کمیشن پی ٹی آئی کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن سمیت تمام جماعتوں کے اکاؤنٹس کی بھی ازخود چھان بین کرے تاکہ پاکستان کی قیادت کے دعویداروں کا کچا چٹھا سب کے سامنے آسکے تمام بڑی اور چھوٹی جماعتوں کے اکاؤنٹس کی پڑتال کے بعد الیکشن کمیشن کو ان جماعتوں کے مستقبل کا فیصلہ کرنا ہوگا کہ آیا اکاؤنٹس میں ہیر پھیر اور بے قاعدگیوں و بے ضابطگیوں کی مرتکب سیاسی جماعتوں پر جرمانے عائد کر کے انہیں معاف کر دیا جاتا ہے یا انہیں نااہل قرار دیا جاتا ہے۔

☆☆☆

بہاول پور: پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، 21 ملزمان گرفتار، منشیات اور داؤ پر لگی رقم برآمد۔

گورنر پنجاب وچانسلر چوہدری محمد سرور سے انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں۔

ایشین ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان بہاول پور ڈاکٹر خالد اقبال کا تقریب کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

نمبر 01

سے غیر ملکی افواج کے انخلا کے اثرات پاکستان کی سیکیورٹی پر پڑے، بارڈر مینجمنٹ کے تحت پاک افغان بارڈر پر باڑ لگانے کا کام 94 فیصد مکمل ہو چکا ہے، یہ امن کی باڑ ہے اور یہ ضرور مکمل ہوگی، اس باڑ کو لگانے میں ہمارے شہدا کا خون شامل ہے، باڑ کا مقصد دونوں اطراف کے لوگوں کو تقسیم کرنا نہیں بلکہ محفوظ بنانا ہے، پاک ایران بارڈر پر باڑ لگانے کا کام بھی 71 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ میجر جنرل بابر افتخار نے کہا کہ افغانستان کی صورتحال کا اثر پاکستان پر بھی پڑ سکتا ہے، موجودہ صورتحال سنگین انسانی المیہ کو جنم دے سکتی ہے، پاکستان افغانستان حکومتی سطح پر دونوں طرف ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2021 میں پاکستان کی سیکیورٹی فورسز نے دہشت گرد تنظیموں کا صفایا کیا، انٹیلی جنس ایجنسیوں نے 890 تھریٹ الرٹ جاری کیے، 70 فیصد ممکنہ دہشتگردی کے واقعات کو روکنے میں مدد حاصل ہوئی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ 2021 میں ایل او سی پورا سال پرامن رہا، بھارتی فوج دہشتگردی کے نام پر مظلوم کشمیریوں کو شہید کر رہی ہے، بھارت ایل او سی کے اردگرد بسنے والے لوگوں کو شہید کر چکا ہے اور مقبوضہ کشمیر میں بدترین ریاستی مظالم پر مذہبی انتہا پسندی کا شکار ہے، بھارتی فوجی قیادت کی جانب سے منفی اور جھوٹا پروپیگنڈا کیا گیا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ پاکستان میں کسی بھی مسلح فرد یا گروہ کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، طاقت کا استعمال صرف ریاست کا استحقاق ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشت گردوں کیخلاف کارروائی کی گئی، جن علاقوں میں آپریشنز کیے گئے وہاں حالات نارمل ہو رہے ہیں۔ میجر جنرل بابر افتخار نے کہا کہ کچھ عرصے سے پاکستان کے مختلف اداروں اور شخصیات کیخلاف منظم مہم چلائی جارہی ہے جس کا مقصد حکومت، عوام، اداروں اور افواج کے درمیان خلیج پیدا کرنا اور اداروں پر عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانا ہے، ہم ایسی تمام سرگرمیوں کے حوالے سے آگاہ ہیں بلکہ انکے لنکس کو بھی جانتے ہیں جو ملک میں اور بیرون ملک بیٹھے یہ کام کر رہے ہیں، پاکستان اور پاکستان سے باہر بیٹھے یہ عناصر فیک نیوز اور من گھڑت باتوں سے اداروں کے بیچ جو دراڑ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں اس میں پہلے بھی ناکام ہوئے اب بھی ہوں گے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ اس پراپیگنڈے کا سدباب کرنے اور اس میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے اجتماعی سطح پر اقدامات کرنے اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے قوانین کی ضرورت ہے، حکومت اس سلسلے میں اقدامات کر رہی ہے، جھوٹی خبروں کو انفرادی سطح پر بھی روکنے کی ضرورت ہے اور قانون سازی بھی کرنی ہوگی۔ نواز شریف سے ڈیل کی باتوں سے متعلق سوال کے جواب میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ نواز شریف سے متعلق سب قیاس آرائیاں اور بے بنیاد ہیں، اگر کوئی ڈیل کی بات کر رہا ہے تو اس سے پوچھیں تفصیلات بھی بتائے، انکے پاس ثبوت کیا ہیں، کون ڈیل کر رہا ہے، کیا محرکات ہیں، درحقیقت ایسا کچھ بھی نہیں ہے، سول ملٹری تعلقات میں الحمدللہ کوئی مسئلہ نہیں ہے، شام کو ٹی وی پروگرام میں باتیں ہوتی ہیں، اسٹیبلشمنٹ نے یہ کر دیا وہ کر دیا، گزارش ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کو اس بحث سے باہر رکھیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ آرمی چیف کی مدت ملازمت سے متعلق قیاس آرائی بھی نہ کی جائے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ کراچی میں بہتہ خوری، اغوا برائے تاوان، ٹارگٹ کلنگ اور اسٹریٹ کرائمز کی شرح میں واضح کمی آئی ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت کراچی میں 78 کارروائیاں کی گئیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی (سے سیز فائر 9 دسمبر کو ختم ہوگیا تھا، ٹی ٹی پی کیخلاف آپریشن جاری ہے، ابھی مذاکرات نہیں ہو رہے، ٹی ٹی پی سیمذاکرات موجودہ افغان حکومت کی درخواست پر شروع کیگئے، پاکستان میں آئی ایس آئی ایس) داعش (کی موجودگی نہیں ہے۔

نمبر 02

پولیس کے پاس آتے ہیں سائل کی بات توجہ سے سن کر میرٹ پر کام کریں اور اس دوران اپنا رویہ شائستہ رکھیں سائلین سے اخلاق سے پیش آئیں سائلین کی افسران تک آسان رسائی کے لیے پولیس افسران اپنے دفاتر کے دروازے کھلے رکھیں ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب نے خیر پور ناں میوالی حادثہ بارے بھی معلومات لیں ڈی ایس پی صدر بہاولپور اور ڈی ایس پی ٹریفک نے حادثہ کی وجوہات سے آگاہ کیا کیپٹن ریٹائرڈ ظفر اقبال اعوان نے ہدایت کی کہ ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرائیں اوورلوڈنگ، تیز رفتاری پر چالان کریں ٹریفک قوانین بارے آگاہی مہم چلائی جائے تاکہ لوگ ٹریفک قوانین کو اپنائیں اور حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکنا ممکن ہو دریں اثناء ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس ظفر اقبال اعوان نے چند روز قبل ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونے والے جنوبی پنجاب پولیس آفس کے ہیڈ کانسٹیبل محمد ندیم کی عیادت کی پھول دیئے اور اس کی جلد صحتیابی کی دعا کی

نمبر 03

اسسٹنٹ ٹو کمشنر بہاول پور ڈویژن کے عہدہ پر ترقی دے دی گئی ہے۔ اس سے قبل وہ ڈویژنل ناظر کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ ملک نادر مصطفیٰ کو عہدے کا چارج سنبھالنے پر دفتر کے سٹاف نے مبارک باد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

نمبر 04

مولس الٰہی نے کہا ہے کہ کشمیر دنیا کی سب سے بڑی جیل بن چکا ہے مگر عالمی ضمیر اب بھی خاموش ہے۔ یوم حقِ خودارادیتِ کشمیر پر وفاقی وزیر مولس الٰہی نے اپنے ٹویٹ میں کہا کہ آج سے 73 سال پہلے یو این سیکورٹی کونسل میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت میں متفقہ قرارداد منظور کی گئی، افسوس اس کے باوجود کشمیر کے مظلوم اب تک آزادی سے محروم ہیں۔ دریں اثنا وزیر اعظم عمران خان نے آج یوم حق خود ارادیت کشمیر کے موقع پر اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کشمیریوں کے ساتھ حق خودارادیت کا وعدہ پورا کیا جائے۔

نمبر 05

جانب سے سمندر پار پاکستانیوں کی پی ٹی آئی کو کی گئی فنڈنگ کی جانچ پڑتال کا خیر مقدم کرتا ہوں، ہمارے اکاؤنٹس کی جتنی زیادہ جانچ پڑتال کی جائے گی، قوم کے لیے اتنی ہی حقائق کی وضاحت سامنے آئے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پی ٹی آئی واحد سیاسی جماعت ہے جس کی بنیاد مناسب سیاسی فنڈ ریزنگ پر مبنی ہے، میں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی فنڈنگ پر الیکشن کمیشن کی اسی طرح کی جانچ پڑتال کا منتظر ہوں، جس کے نتیجے میں قوم کو سیاسی فنڈ ریزنگ اور سرمایہ داروں کے مفادات اور احسانات کے بدلے پیسے کی بہتہ خوری کے درمیان فرق دیکھنے کو ملے گا۔

نمبر 06

اور ترقیاتی سرگرمیوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ گورنر پنجاب نے اڑھائی برس کے عرصے میں طلباء وطالبات کی تعداد میں غیر معمولی اضافے، مالیاتی اعتبار سے بہتری اور اربوں روپے کے ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو بھرپور مدد فراہم کر رہی ہے اور اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی یونیورسٹیوں کو مزید سپورٹ کیا جائے گا۔ انہوں نے رینکنگ اور تعلیمی معیار میں بہتری، اہم کامیابیوں اور طلباء وطالبات کو وظائف، ٹرانسپورٹ، میڈیکل اور دیگر سہولیات کی فراہمی پر بھی اظہار مسرت کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے گورنر پنجاب کو 28 جنوری کو یونیورسٹی کا نوویکشن کی صدارت کے لیے خصوصی درخواست کی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ وہ جامعہ اسلامیہ کے کانووکیشن کی صدارت کے لیے بہاولپور تشریف لائیں گے۔ یاد رہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا آئندہ کانووکیشن 28 جنوری 2022 کو بغداد الجدید کیمپس میں منعقد ہوگا۔

نمبر 07

کہ طے شدہ اہداف کے مطابق ترقیاتی کاموں کی مانیٹرنگ کے عمل کو موثر بنایا جائے تاکہ ترقی کے ثمرات سے عوام کو بہرہ مند کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری التوا سے لاگت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے مقررہ اہداف کی مقررہ میعاد میں تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی کاموں کے معیار کی سخت مانیٹرنگ کی جائے اور نگران افسران فیلڈ وزٹ تواتر کے ساتھ کریں تاکہ ترقیاتی منصوبہ جات میں شفافیت کو برقرار رکھتے ہوئے انہیں پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ ویڈیو لنک اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بہاول نگر کیپٹن (ر) محمد وسیم، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس طالب رندھاوا، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، ایکسین ہائی ویز فرخ ممتاز سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران شریک ہوئے۔

نمبر 08

کسانوں کے چہرے کھل اٹھے، کیونکہ اس بارش کے گندم کی فصل پر انتہائی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ اور فصل کی بڑھوتری میں اضافہ ہوگا۔ جس سے اوسط پیداوار میں اضافہ ہوگا۔

نمبر 09

اعزاز میں الوداعیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں کنٹرولر نیوز ریڈیو پاکستان پنجاب سجاد پرویز اور ڈائریکٹر انفارمیشن بہاول پور ڈویژن ڈاکٹر ناصر حمید نے بطور مہمانان اعزاز شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے جدید دور میں ریڈیو پاکستان کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کیا اور ریڈیو پاکستان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ریڈیو پاکستان ملک کی آواز ہے اور ہماری پہچان ہے۔ ہمیں ادارے ریڈیو پاکستان کی تعمیر ترقی اور بہتری کے لیے شبت کردار ادا کرنا ہے۔ اس موقع پر مقررین نے سابق اسٹیشن ڈائریکٹر محمد تسلیم لنگاہ کی خدمات کو سراہا۔ بطور اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان بہاول پور کے عہدے کا چارج سنبھالنے والے ڈاکٹر خالد اقبال کو گلدستے پیش کیے گئے۔ تقریب میں سینئر براڈ کاسٹر شہناز حسن، سابق ڈائریکٹر نیوز ریڈیو پاکستان جاوید اختر، سینئر پروڈیوسر محمد عاشق عباسی، سینئر کمپیئر الطاف حسین شاہ، کمپیئر ڈاکٹر محمد شہزاد رانا، سینئر کمپیئر محمد نواز عباسی، سیکشن آفیسر سینئر کمپیئر ارشاد بھٹی، سینئر کمپیئر آفیسر بورڈ محمد اعجاز خان، کمپیئر گلشن نصیر، کمپیئر محمد اقبال سانول اور کمپیئر کاشف جاوید نے مہمانان کا استقبال کیا۔

نمبر 10

ایک سنگین فرد جرم ہے۔ مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف نے ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ سچائی لوگوں کو بے نقاب کرنے کا بہترین طریقہ ہے، الیکشن کمیشن اسکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ عمران خان پر ایک سنگین فرد جرم ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ اب پتہ چلا کہ پی ٹی آئی گزشتہ 7 سال سے غیر ملکی فنڈنگ کیس سے کیوں بھاگ رہی تھی، صادق اور امین کا رچایا گیا ڈھونگ اب بے نقاب ہو چکا ہے۔

نمبر 11

روپے سے تجاوز کر گئے ہیں۔ جبکہ نائٹروفاس کھاد کے نرخوں میں بھی تین سو روپے فی بوری اضافہ متوقع ہے کسان بورڈ کے تحصیل صدر حاجی فیاض خان بلوچ، نے کہا ہے کہ صرف چھ ماہ میں ڈی اے پی کھاد کے نرخوں میں سو فیصد اضافہ ہو چکا ہے۔ اب کسانوں کے لئے ڈی اے پی خریدنا ناممکن ہوگئی ہے اور ان کے لئے زراعت گھاٹے کا سودا بن چکی ہے۔ انہوں نے حکومت سے کھاد کے نرخوں میں فی الفور کمی کا مطالبہ کیا ہے

نمبر 12

قیام کریں گے اس امر کا اظہار ضلعی امن کمیٹی بہاولپور کے رکن سید امجد حسین بخاری کی جانب سے جاری کیے گئے پریس ریلیز میں کیا گیا ہے اُنہوں نے کہا ہے کہ اگلے روز میں نے ضلعی بیت المال کے رکن سید امجد حسین بخاری کے ہمراہ صوبائی وزیر بیت المال وسماجی بہبود سید یاور عباس بخاری سے ان کے لاہور دفتر میں ملاقات کی تھی اور اُنہیں بہاولپور آنے کی دعوت دی تھی جو اُنہوں نے منظور کر لی۔

نمبر 13

اینڈ انڈسٹری کے صدر عاطف منیر شیخ نے سٹیک ہولڈرز اور متعلقہ محکموں کے ایک مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس اجلاس میں واسا کے وائس چیئرمین شیخ شاہد جاوید اور پنجاب سمال انڈسٹریل اسٹیٹس کا رپوریشن کے ریجنل ڈائریکٹر امین الدین اویسی کے علاوہ واسا کے ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر اکرام اللہ نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ واسا ایک ہفتہ کے دوران حکومت کی طرف سے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کیلئے ملنے والے فنڈ اور اس سے مکمل ہونے والے منصوبوں کے بارے میں رپورٹ دے گی جس کا جائزہ لینے کے بعد 8 رکنی کمیٹی فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کی قیادت میں موقع کا معائنہ کرے گی تاکہ مستقبل کے لائحہ عمل کا تعین کیا جا سکے۔ آٹھ رکنی کمیٹی میں سمال انڈسٹری میں قائم صنعتوں کی نمائندگی ریاض الحق، ثناء اللہ نیازی اور محمد لئین کریں گے۔ جبکہ واسا کے ڈپٹی ڈائریکٹر فرقان حیدر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر حیات رندھاوا اپنے محکمے کی نمائندگی کریں گے۔ اسی طرح پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کی نمائندگی ریجنل ڈائریکٹر امین الدین اویسی، ایکسین ورکس اور سب انجینئر محمد رمضان کریں گے۔ واسا کے وائس چیئرمین شیخ شاہد جاوید نے بتایا کہ وہ دراصل بزنس کمیونٹی کے نمائندہ ہیں اور اُن کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ پنجاب حکومت کی طرف سے 279 ملین روپے کے فنڈ واسا کو اس سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کیلئے ٹرانسفر کئے گئے جن میں سے 230 ملین خرچ ہوئے جبکہ 49 ملین روپے بقایا ہیں جن کو سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے خرچ کیا جائے گا۔ اس رقم سے مسنگ کنکشن کو مکمل کرنے کے علاوہ منصوبے کی دیگر خامیوں کو دور کیا جائے گا۔ تاکہ اس منصوبے کو باضابطہ طور پر سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کارپوریشن کے حوالے کیا جا سکے۔ واسا کے علاوہ دیگر مسائل کے حل کیلئے بننے والی کمیٹی بھی ریاض الحق، ثناء اللہ نیازی، لئین، محمد عمر، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے ریجنل ڈائریکٹر محمد امین الدین اویسی، افضال احمد اور انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے افسر پر مشتمل ہوگی۔ صدر عاطف منیر شیخ نے کہا کہ وہ واسا کے ذریعے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے ڈرینز کی صفائی کے علاوہ ملبہ وغیرہ اٹھانے کیلئے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی خدمات بھی حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔ اسی طرح سیکورٹی کیلئے صنعتکار فنڈز جمع کریں گے جن سے اہلکاروں کی تنخواہوں کے علاوہ گشت کیلئے انہیں موٹر سائیکلیں بھی مہیا کی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ وہ سٹی پولیس آفیسر سے مل کر متعلقہ تھانے کی پولیس کے گشت کا بھی اہتمام کریں گے۔

نمبر 14

سردار عثمان بزدار کی جانب سے صوبے کے نوجوانوں کے لیے بڑی خوشخبری۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے پی ایم ایس کے امتحان اور اعلان کردہ ملازمتوں کے امیدواروں کے لئے عمر میں خصوصی رعایت کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا ہے کہ پی ایم ایس امتحان میں حصہ لینے والے امیدواروں کو عمر میں 2 سال کی رعایت دی جائے گی جبکہ اعلان کردہ ملازمتوں کے لئے بھرتی ہونے والے امیدواروں کو بھی 2 سال کی رعایت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں۔ عمر میں رعایت سے ہزاروں نوجوانوں کو پی ایم ایس کے امتحان میں حصہ لینے کا موقع ملے گا۔ ملازمتوں میں 2 سال کی رعایت سے بھی نوجوانوں کو ان کا حق دیا ہے۔ عمر میں 2 سال کی رعایت کی اصولی منظوری دے دی ہے جبکہ پنجاب کابینہ سے بھی اس ضمن میں باقاعدہ منظوری لی جائے گی۔

نمبر 15

سالگرہ کے موقع پر ٹکٹ ہولڈر ایم پی اے مخدوم سید نسیم عباس بخاری نے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا بھٹو خاندان کی محبت آج بھی غریب عوام کے دلوں پر نقش ہے جنہوں نے ہمیشہ عوام کے حقوق کی بات کی انکی ملک میں جمہوریت کی بحالی کیلئے لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا تقریب سے میاں عمر عباسی، سید اسد جمالی، فاروق مغل سینئر وائس پریذیڈنٹ، سید مظہر بخاری، محب حسین خانخیلی نے خطاب کرتے ہوئے کہا موجودہ حکمرانوں کی ناکام پالیسوں کا خمیازہ غریب عوام بھگت رہے ہیں ہر طرف مہنگائی بے روزگاری لاقانونیت کا راج ہے حکمران سب اچھا کا راگ الاپ کر عوام کو بے وقوف بنانے کے سیوا کچھ نہیں کر رہے اس موقع پر بزرگ سیاسی رہنما سردار غلام حیدر خان ترین، کے علاہ جیالے کارکن ملک شفیع، جام الطاف حسین، جام شاھد، قاضی سہیل، حاجی محب حسین، بگو جوئیہ، مظاہر عباس، حماد رفیق، محسن، جام تجمی حسین و دیگر کارکنان نے شرکت کی دریں اثنا شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔/

نمبر 16

ہیڈ کوارٹر نے سبزی منڈی کے مختلف سیکشن میں جا کر سبزیوں اور پھلوں کی کوالٹی چیک کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سبزیاں اور پھل مقرر کئے گئے نرخ کے مطابق فروخت کی جائیں تاکہ صارفین ریلیف حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی اور گراں فروشی سے گریز کیا جائے بصورت دیگر فوری قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے سبزیاں و پھل مارکیٹ میں صفائی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا

نمبر 17

واقع ہوئی ہے۔ رواں کاروباری ہفتے کے چوتھے روز انٹر بینک میں ڈالر 01 پیسے کی معمولی کمی سے 176 روپے 74 پیسے پر بند ہوا ہے۔ گزشتہ کاروباری ہفتے کے اختتام پر انٹر بینک میں ڈالر کی قدر 176 روپے 75 پیسے تھی۔ ڈالر کی بڑھتی قیمت ملک میں مہنگائی کا بھی سبب بن رہی ہے، سال 2021 میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 35 روپے سے زائد تک اضافہ ہوا ہے۔

نمبر 18

راؤ سردار علی خان، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس تھانہ بغداد الجدید، عباسنگر، سٹی یزمان اور صدر احمد پور شرقیہ اور نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان شہزاد مسیح، شاکر، تنویر اور محمد ارشد اپلی کو گرفتار کر لیا جن کے قبضہ سے 192 لیٹر شراب، 60 لیٹر لہن اور چالو بھٹی برآمد کر لی۔ پولیس تھانہ سٹی یزمان، عباس نگر اور صدر بہاول پور نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان سلطان، غلام شبیر اور حفیظ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 740 گرام چرس برآمد کر لی۔ پولیس تھانہ بغداد الجدید، کوتوالی، اور چنی گوٹھ نے قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان رمضان، شکیل، عمران، عبدالغفار، اختر، قاسم، اصغر اور وقاص کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 6000 سے زائد داؤ پر لگی رقم اور جواء کا سامان برآمد کر لیا۔ جبکہ تھانہ نوشہرہ جدید نے اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان عرفان اور عامر حنیف کو گرفتار کے قبضہ سے 01 عدد پلیٹ فارم پر مشتمل کہ لائحہ عمل طے کرتے ہوئے عملی اقدامات کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ سجادہ نشین درگاہ قادریہ عالیہ وصوبائی پارلیمانی سیکرٹری مخدوم سید افتخار حسن گیلانی، ایم این اے مخدوم سید سہیل حسن گیلانی، ڈویژنل جنرل سیکرٹری پی پی پی بہاول پور و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری مخدوم سید علی حسن گیلانی، چیئرمین مشائخ اتحاد کونسل پاکستان مخدوم سید سہیل حسن گیلانی، سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی اوچ شریف مخدوم سید سبطین حیدر بخاری سمیت شہر کی سیاسی، سماجی اور صحافتی شخصیات نے صدر ارشاد احمد شاد سمیت اوچ پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران واراکین کو مبارک باد دی ہے۔

نمبر 19

پر اون منی کی حوصلہ شکنی کے حوالے سے اقدامات پر آگاہ کیا۔ چیئرمین ایف بی آر نے کمیٹی ارکان کو بتایا کہ اون منی کو ختم کرنے کے لیے اب گاڑیاں بنانے کے لائسنس کی بنیاد پر امپورٹڈ گاڑیوں پر ٹیکس وصولی کو یقینی بنایا جائے گا۔ اشفاق احمد نے بتایا کہ امپورٹرز بیرون ملک سے منگوائی گئی گاڑیوں پر رجسٹریشن کے بغیر ہی اون منی لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی پالیسی کے تحت گاڑی کے درآمد کنندہ نے اپنے نام سے گاڑی فروخت نہ کی تو اس پر ٹیکس لگے گا، اور ایسی گاڑیوں کی فروخت پر ٹیکس لاگو کرنے میں کوئی ٹائم فریم بھی نہیں ہوگا۔ چیئرمین ایف بی آر نے مزید کہا کہ 1000 سی سی تک کی گاڑیوں پر ایڈوانس ٹیکس کی شرح کو 50 ہزار ایک لاکھ، 1001 سے 2000 سی سی تک گاڑیوں پر ایڈوانس ٹیکس 2 لاکھ جب کہ 2001 سی سی سے اوپر کی گاڑی پر ایڈوانس ٹیکس 4 لاکھ کیا جا رہا ہے۔ اجلاس کے دوران مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر مصدق ملک نے مطالبہ کیا کہ سیکنڈ ہینڈ گاڑی کی رجسٹریشن پر اضافی ٹیکس ختم کیا جائے۔ بعد ازاں کمیٹی نے گاڑیوں کی طلب اور پیداوار کے معاملہ سیکرٹری صنعت و پیداوار کو طلب کر لیا۔

نمبر 20

کی تھی جس کے بعد پولیس نے کارروائی کی۔ پولیس نے کہا کہ راستہ بھولنے والی خاتون کو 4 گھنٹے بعد تلاش کر لیا گیا ہے۔ چینی شہری نے اہلیہ کو ڈھونڈنے پر راولپنڈی پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

نمبر 21

2021 کے مقابلے میں گزشتہ برس اسی دورانیئے میں پاکستان کی امریکا برآمدات کا حجم 42 کروڑ 50 لاکھ ڈالرس سے زائد تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں رواں برس دسمبر میں امریکا برآمدات کے حجم میں 43 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان نے دسمبر کے مہینے میں چین کو بھی 32 کروڑ 50 لاکھ ڈالرز سے زائد کی اشیا برآمد کی ہیں جو کہ گزشتہ سال دسمبر کے مہینے میں 26 کروڑ ڈالر تھی۔ دوسری جانب برطانیہ، جرمنی، روس، افغانستان اور سعودی عرب کو برآمدات میں کمی دیکھی گئی ہے۔ پاکستان کی برطانیہ کو برآمدات میں 4، جرمنی کو 15 جب کہ افغانستان کو برآمدات میں 34 فیصد کمی ہوئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق دسمبر کے مہینے میں پاکستان کی برآمدات کا مجموعی حجم 2 ارب 76 کروڑ ڈالر سے زائد رہا جو کہ گزشتہ برس کے اسی دورانیے کے مقابلے میں 16 فیصد زائد ہے۔ گزشتہ برس دسمبر میں پاکستان نے 2 ارب 36 کروڑ ڈالر کی اشیا برآمد کی تھیں۔

نمبر 22

کرپشن سے آلودہ بھیانک چہرہ سامنے آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے سچ بولنے کا حلف اٹھا کر پی ٹی آئی کے بینک اکاؤنٹس الیکشن کمیشن سے چھپائے۔ کروڑوں روپے دیدہ دلیری سے خرد برد کرنے والے سلیکٹڈ وزیراعظم دوسروں کو کرپشن کے طعنے دیتے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عمران خان نے کرپشن کے خلاف نام نہاد مہم کی آڑ میں کرپشن کر کے ملک کو لوٹا ہے۔ آج تباہ حال ملکی معیشت گواہ ہے کہ پی ٹی آئی سرکار قومی خزانے کو بیدردی سے لوٹ رہی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عمران خان کو زبردستی کا ایمان دار ثابت کر کے قوم پر مسلط کیا گیا، اب حساب دینے کا وقت آچکا ہے۔

نمبر 23

یاسمین راشد سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کورونا سے متاثرہ ڈاکٹر یاسمین راشد کی خیریت دریافت کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ڈاکٹر یاسمین راشد کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ڈاکٹر یاسمین راشد کی صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جلد کورونا سے صحت یاب کرے۔ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے خیریت دریافت کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور عوام کی دعاؤں سے طبیعت بہتر ہے۔

نمبر 24

صحافی اور مقامی اخبار کے چیف ایڈیٹر شاہین رسول کو اوچ پریس کلب کا پیٹرن انچیف مقرر کیا گیا ہے جب کہ دیگر عہدیداران میں ڈاکٹر ذوالفقار علی چیئرمین، سید محسن رضا شمسی وائس چیئرمین، زاہد حسین کلہوڑا اور اعجاز خان پٹھان سینئر نائب صدور، امتیاز خان بڈانی، خواجہ ابرار حسین اور شہزاد خان شکرانی نائب صدور، نعیم احمد ناز جنرل سیکرٹری، عظمت اللہ سیال ایڈیشنل سیکرٹری، زوار حسین بھٹہ فنانس سیکرٹری، ساجد انجم آفس سیکرٹری، ملک خالد محمود سیکرٹری اطلاعات، خواجہ ابرار رضا چیئرمین مجلس عاملہ اور حاجی الطاف خان وائس چیئرمین مجلس عاملہ منتخب ہوئے ہیں۔ شمیم احمد، فیصل ندیم، محمد اکرم خان، صدیق احمد فاروقی، محمد الیاس راجہ، محمد عمران سیال، خواجہ اظہار حسین اور ملک عبدالرشید اعوان کو اوچ پریس کلب کی مجلس عاملہ کا رکن بنایا گیا ہے۔ نومنتخب عہدیداران نے صحافی برادری کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ایک پلیٹ فارم پر مشترکہ لائحہ عمل طے کرتے ہوئے عملی اقدامات کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ سجادہ نشین درگاہ قادریہ عالیہ وصوبائی پارلیمانی سیکرٹری مخدوم سید افتخار حسن گیلانی، ایم این اے مخدوم سید سہیل حسن گیلانی، ڈویژنل جنرل سیکرٹری پی پی پی بہاول پور و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری مخدوم سید علی حسن گیلانی، چیئرمین مشائخ اتحاد کونسل پاکستان مخدوم سید سہیل حسن گیلانی، سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی اوچ شریف مخدوم سید سبطین حیدر بخاری سمیت شہر کی سیاسی، سماجی اور صحافتی شخصیات نے صدر ارشاد احمد شاد سمیت اوچ پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران واراکین کو مبارک باد دی ہے۔

نمبر 25

عہدیداروں کا چنا مکمل کر لیا گیا جس کی تقریب گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کے کرکٹ اسٹیڈیم کے سبزہ زار میں منعقد کی گئی جس میں متفقہ اکثریتی رائے سے میاں عامر صدیقی صدر، خواجہ غلام شبیر چیئرمین، جبکہ عمران دانش بڈانی جنرل سیکرٹری کے عہدے پر منتخب کر لیے گئے جبکہ دیگر عہدیداروں میں وائس چیئرمین ملک مزمل وارن، چیئرمین مجلس عاملہ مظہر خان پتافی، وائس چیئرمین میں مجلس عاملہ شیخ جنید احمد، نائب صدور محمد ساجد حسین بنوں، محمد اسماعیل خان، جوائنٹ سیکرٹری محمد بلال خان، ایڈیشنل سیکرٹری خواجہ سہیل عباس، انفارمیشن سیکرٹری شفیق انجم، فنانس سیکرٹری شیخ رفیق احمد، چیئرمین ایکشن کمیٹی فخر خان، وائس چیئرمین ایکشن کمیٹی شہزاد اعوان، ممبران ایکشن کمیٹی شیخ شفیق، حاجی شہباز، ممتا